Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ صفر سنہ ۱۳۴۵ھ مطابق ۳۰ اگست سنہ ۱۹۲۶ء	جلد ۳۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت تحویل رسیدات مصارف بیرونجات بحسابات	۱و۲
۲	ممانعت فروخت روغن زرد ولایتی در شہر و علاقہ	۲
۳	رخصت سید داؤد صاحب پروفیسر عربی	〃
۴	متعلق [illegible]	۳
۵	رخصت تحصیلدار صاحب سوار	〃
۶	اضافہ تنخواہ بسیم سنگھ جمعدار پولیس	〃
۷	رخصت سید مسعود حسن	〃
۸	رخصت صاحب ڈسٹرکٹ و سیشن جج بہادر	〃
۹	اخراج اسم سکندر حسین [illegible]	〃
۱۰	تقرر محمد ایوب بیگ	〃
۱۱	استعفا سکندر شاہ خاں مدرس	〃
۱۲	رخصت مدرس اول [illegible]	〃
۱۳	نقشہ بارش و نرخ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۹ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

بجریہ دستور العمل آڈٹ میں کسی ترمیم کی ضرورت نہیں۔ ایک روپیہ یا اس سے زائد رقم کی رسید خواہ وہ مصارف بیرونجات کے ہی ہوں شامل حساب ہونا چاہئے۔ کاغذات واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میر ساند

جناب عالی

سودمنہ آڈٹ سنکہ ہذا سے معلوم ہوا کہ دفعہ ۱۵ ضمن ۲ دستور العمل آڈٹ میں اس امر کی ضرورت ہے کہ ایک روپیہ یا اس سے زائد کی رسید شامل ہونا لازمی ہے لیکن اس قسم کی کوئی توضیح دفعہ مذکور میں نہیں ہے کہ جو مصارف حدود ریاست کے اندر ہوں انکی رسید لیجائے اور جو بیرون ریاست ہوں انکی رسید نہ لیجائے۔ چونکہ اکثر حسابات سفر خرچ بیرونجات میں ایک روپیہ یا اس سے زیادہ مصارف کی شل رسیدات کرایہ تانگہ وغیرہ کے شامل نہیں ہوتی ہیں۔ اور آڈٹ سے اعتراض ہونے پر سفر کنندگان شمول رسید سے مجبوری ظاہر کرتے ہیں۔ اسلئے آڈٹ سے استدعا ہے کہ اس بابت صراحت فرما دیجائے کہ بیرونجات کے حسابات میں کرایہ تانگہ وغیرہ کے مصارف جو ایک روپیہ یا اس سے زائد کے ہوں انکی رسیدات کے شمول کے بغیر مصارف مجرا دے جائیں۔ یا رقم منہا کیجائے۔ لہذا رپورٹ مع پرچہ آڈٹ بغرض صدور حکم مناسب پیشگاہ عالی میں پیش ہے۔ زیادہ حد ادب

دولت جاوید باد

حکم اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

کاغذات ہذا صدر کو مرسل ہوں۔ ایک نقل رپورٹ حکم اجلاس ہمایوں کی درج گزٹ ہونے کے لئے مطبع میں بھیجدی جائے۔ اور اصل کاغذات بعد اجراء احکام آڈٹ میں بغرض تعمیل بھیجدئے جائیں۔ ۱۱ اگست ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱ اگست ۱۹۲۶ء

مشمولہ کاغذات صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بابت رپورٹ تھانہ دار ملک باستفسار حال فروخت گھی ولایتی در علاقہ ریاست رامپور۔

جبکہ ولایتی گھی کی شہر میں فروخت کی ممانعت ہو چکی ہے تو وہ ہی حکم علاقہ کیلئے بھی ہے۔ علاقہ ریاست میں بھی ولایتی گھی کی فروخت کی اجازت نہیں ہے۔ کاغذات بغرض اجرا احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بنشا حکم بندگان عالی حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ مدرسے جاری ہوں۔ جملہ تحصیلداران کو بھی برائے تعمیل اطلاع دیجائے۔ ایک نقل بعنوان مفصل بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرسل ہو۔ اور درج گزٹ ہو ۱۶ اگست ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۶ اگست ۱۹۲۶ء

دربارہ منظوری رخصت بیس روز سید داؤد صاحب پروفیسر عربی مدرسہ عالیہ۔

بیس روز کی رخصت مندرجہ رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرای احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میر ساند

جناب عالی

مولوی سید محمد داؤد صاحب پروفیسر عربی مدرسہ عالیہ ۱۰ اگست ۱۹۲۶ء سے ۹ ستمبر ۱۹۲۶ء تک اپنے وطن جانے کے لئے رخصت کی درخواست کرتے ہیں۔ لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔

دولت و اقبال جاوید باد

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۸ اگست ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ڈی او دفتر صاحب چیف سکریٹری بہادر

واقع ۵ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

بخدمت شریف جناب صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات صنعت و حرفت و تجارت

جناب من

بندگان عالی دام اقبالہم نے ارشاد فرمایا ہے کہ۔

(۱) پنیشہ فٹی سڑک پر موٹرز۔ گھوڑے یا خچر کی گاڑی تانگہ اور ٹمٹم کی آمد و رفت کے لئے ممانعت نہیں ہے

(۲) رتھ۔ بیل اور بھینسے کی گاڑی۔ ٹھیلہ۔ بہلو نکے تانگہ پنیشہ فٹی سڑک پر نہ چلیں بلکہ محمد علی روڈ سے خاص باغ آنا چاہئے۔

(۳) ریلوے اسٹیشن سے سرکاری سامان یا مہمانان کا اسباب گاؤخانہ کی باربرداری میں آتو لہ والی کوٹھی کے سامنے والی سڑک (بریلی مرادآباد روڈ) سے ہو کر دلکشا باغ میں داخل ہو اور وہاں سے خاص باغ آئے پنیشہ فٹی سڑک سے نہ لایا جائے۔

(۴) پرنسز کوٹھی پر اسٹیشن سے کوئی سامان بیل گاڑی وغیرہ میں آئے تو شاہ آباد دروازہ والی سڑک پر روشن باغ تک لاکر وہاں سے اس سڑک سے جو مغرب کو جاتی ہے اور پنیشہ فٹی سڑک سے ملتی ہے لایا جائے اور پنیشہ فٹی سڑک کو کراس کرکے کوٹھی مذکور میں لیجایا جائے پنیشہ فٹی سڑک کو صرف کراس کرنیکی اجازت ہے۔

(۵) بیل گاڑیاں اور بیل کے تانگے وغیرہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر اور نیاز منزل کو نیو پر اسٹیشن سے شاہ آباد دروازہ کی سڑک اور محمد علی روڈ سے گزر کرینگے۔ پنیشہ فٹی سڑک کو صرف کراس کرنیکی اجازت ہے۔

براہ کرم حسب صراحت بالا احکام جاری فرما دئے جائیں۔

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات صنعت و حرفت

صدر سے ذریعہ نقل احکام جاری ہوں۔ اور ایک نقل ڈی او صاحب چیف سکریٹری بہادر حسب ضابطہ برائے طبع گزٹ مطبع کو بھیجی جائے

المرقوم ۱۱ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۷ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثل تحریر جناب صاحب چیف سکریٹری بہادر موسومہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر دربارہ اطلاع منظوری رخصت یکہفتہ سید آل حسن صاحب تحصیلدار سوار بضرورت روانگی چاندپور۔

حکم

سید آل حسن تحصیلدار سوار کی رخصت یکہفتہ منظور ہے۔ ایام رخصت میں نائب تحصیلدار معمولی و ضروری کام انجام دینگے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۹ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثل تحریر صاحب سپرنڈنٹ بہادر پولیس دربارہ عطائی منظوری اضافہ مبلغ للعہ ماہوار بر عہدہ ہیڈ کانسٹبل مسمے بھیم سنگھ دفعدار ملٹری عہ/ ۳۵ مشاہرہ دار لعہ برائے چھ ماہ بسلسلہ تنزلی للعہ ماہوار مسمے چیتن خان ہیڈ کانسٹبل ملٹری برائے چھ ماہ۔

حکم

حسب رائے صاحب سپرنڈنٹ بہادر پولیس بجائے چیتن خان ہیڈ کانسٹبل ملٹری جس کا للعہ تنزل چھ ماہ کے لئے ہوا ہے بھیم سنگھ دفعدار مشاہرہ دار لعہ ماہوار کا للعہ ماہوار اضافہ ہو کر مشاہرہ ملعہ ماہوار چھ ماہ کے لئے ہیڈ کانسٹبل کیا جانا منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثل تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت چھ ماہ سید مسعود حسن محرر محافظ خانہ صدر مامورہ معاونت مد صلور تحصیل بعوض رفیق النبی امیدوار۔ منجملہ بست روپیہ تنخواہ کے دس روپیہ مسعود حسن پائیگا اور دس عوض کو ملینگے۔

حکم

کاغذات نذر پیش ہوئے۔ مسعود حسن معاون اہلمد صلور تحصیل بے چھ ماہ کی

رخصت دیئے جانے کی استدعا کی ہے۔ لہذا بنظر مناسب حکم ہوا کہ مسعود حسن
معاون کی رخصت چھ ماہ بعوض محمد اللہ اپرنٹس جسنے دفتر تحصیل میں کام
پسماندہ محرر مال کی روانگی حسب الحکم اجلاس کی ہے۔ منظور کیجاتی ہے۔ مسعود حسن
کی تنخواہ ۳۰ ماہواری ہے۔ تین ۳ ماہ تک تو نصف تنخواہ محمد اللہ عوض کو ۱۵
اور نصف تنخواہ ۱۵ مسعود حسن کو دیجائے۔ بقیہ تین ماہ رخصت میں
پندرہ روپیہ ماہوار محمد اللہ عوض کو دئیے جائیں اور بقیہ تین ماہ میں پانچ روپیہ
ماہوار مسعود حسن کو ملیں۔ اسی صراحت سے احکام جاری ہوں۔ نقل حکم
بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہو۔ ۲۲ اگست ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

مکرر یہ کہ حاکم صاحب صدر کو بھی لکھا جائے کہ ابھی ہفتہ عشرہ کا کام دفتر تحصیل میں
محمد اللہ کا اور ہے اگر مسعود حسن جلد رخصت پر جائے تو بجائے محمد اللہ کسی اور
ہوشیار اپرنٹس کو دفتر تحصیل آخر اگست تک کے لیے بھیجدیں۔ تاریخ ایضاً

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۸ اگست ۱۹۲۶ء

مثبتہ یادداشت خاص صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر دربارہ
منظوری رخصت مزید دس یوم مظہر حسین خان نقلنویس سادہ
ججی بوجہ علالت۔

حکم

حسب سفارش صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج رخصت مزید دس یوم
مظہر حسین خان نقلنویس کی منظور ہے۔ کام کا انتظام حسب رائے صاحب
موصوف رہیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اخراج اسم

۲۲ اگست ۱۹۲۶ء

سکندر حسین مدرس میرانپور تحصیل سوار اور چودھری پرشاد مدرس گوردی تحصیل

بلاسپور تقرر کے بعد اپنی خدمت پر حاضر نہیں ہوئے۔ لہذا نامبردگان کا
نام ملازمت سے تاریخ تقرر سے خارج کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۲ اگست ۱۹۲۶ء

مدرسہ حاجی نگر پرگنہ دفتر تحصیل میں محمد ایوب بیگ مڈل پاس کا تقرر مبلغ گیارہ
روپیہ ماہوار برامتحاناً برائے چھ ماہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

استعفا

۲۵ اگست ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سکندر شاہ خان مدرس مدرسہ مڈل کا
استعفا منظور کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۵ اگست ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس ۱۹ اگست ۱۹۲۶ء سے رخصت مزید یکماہ عاشق علی خان
مدرس اول مدرسہ بھاڑی دروازہ بوضع کل تنخواہ منظور کی گئی۔ بجائے عاشق علی خان
سید صدیق حسن مدرس دوم انچارج رہیگا اور نامبردہ کو تین روپیہ ماہوار الاونس ملیگا
اور بجائے سید صدیق حسن عزیز شاہ خان بارہ روپیہ ماہوار تنخواہ پر عوض مقرر
کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۱۷ لغایت ۲۳ اگست ۱۹۲۶ء ہفتہ وار

تاریخ و دن	صدر ریاست		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۱۷ اگست ۱۹۲۶ء یوم سہ شنبہ	۱½	۲۹۹½	۰	۳۷۹	۰	۳۸۱	۰	۲۲۹	۲۰	۴۳۳	۰	۳۶۴
۱۸ اگست ۱۹۲۶ء یوم چہارشنبہ	۱½	۳۰۰	۱۲	۳۹۱	۰	۳۸۱	۰	۲۲۹	۰	۴۳۳	۳	۳۶۷
۱۹ اگست ۱۹۲۶ء یوم پنجشنبہ	۰	۳۰۰	۰	۳۹۱	۴	۳۸۵	۰	۲۲۹	۰	۴۳۳	۰	۳۶۷
۲۰ اگست ۱۹۲۶ء یوم جمعہ	۰	۳۰۰	۰	۳۹۱	۰	۳۸۵	۰	۲۲۹	۰	۴۳۳	۰	۳۶۷
۲۱ اگست ۱۹۲۶ء یوم شنبہ	۰	۳۰۰	۰	۳۹۱	۰	۳۸۵	۰	۲۲۹	۰	۴۳۳	۰	۳۶۷
۲۲ اگست ۱۹۲۶ء یوم یکشنبہ	۱½	۳۰۱½	۰	۳۹۱	۰	۳۸۵	۰	۲۲۹	۶	۴۳۹	۰	۳۶۷
۲۳ اگست ۱۹۲۶ء یوم دوشنبہ	۰	۳۰۱½	۰	۳۹۱	۳	۳۸۸	۲۸	۲۵۷	۰	۴۳۹	۲۳	۳۹۰

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ہفتہ آخر اگست ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ۰ ر	۰	۷ ۰ ر	۰	۷ ۰ ر	۷ ۰ ر	
نخود خالص	۷ ۰ ر	۰	۷ ۰ ر	۰	۷ ۰ ر	۷ ۰ ر	
نخود گسیر	۷ ۰ ر	۰	۷ ۰ ۰ ر	۰	۷ ۰ ۰ ر	۷۸ ۰ ر	
[illegible]	۷ ۰ ۰ ر	۰	۷ ۰ ۰ ر	۰	۰	۸ ۰ ر	
ماش	۴ ۰ ر	۰	۴ ۰ ۰ ر	۰	۴ ۰ ۰ ر	۴ ۰ ر	
مونگ	۳ ۰ ر	۰	۰	۰	۳ ۰ ر	۳ ۰ ۰ ر	
مکا	۶ ۰ ر	۰	۰	۰	۰	۶ ۰ ر	
[illegible]	۹ ۰ ر	۰	۰	۰	۰	۱۱ ۰ ر	
گوجی	۹ ۰ ر	۰	۰	۰	۹ ۰ ر	۷ ۰ ر	
عدس	۶ ۰ ر	۰	۰	۰	۰	۷ ۰ ر	
ارہر	۵ ۰ ۰ ر	۰	۰	۰	۷ ۰ ۰ ر	۶ ۰ ر	
برنج	۴ ۰ ر	۰	۴ ۰ ر	۰	۰	۴ ۰ ر	
روغن زرد	۷ چھٹانک	۰	۷ ۰ چھٹانک	۰	۱۱ ؍ ر	۷ ۰ چھٹانک	
روغن سیاہ	۲ ۰ ر	۰	۲ ۰ ر	۰	۲ ۰ ر	۲ ۰ ر	
روغن کنجد	۰ ر	۰	۰	۰	۱ ۰ ر	۱ ۰ ر	
نمک سانبھر	۱۲ ۰ ر	۰	۱۲ ۰ ر	۰	۱۱ ۰ ر	۱۲ ۰ ر	
نمک لاہوری	۶ ۰ ر	۰	۶ ۰ ر	۰	۰	۸ ۰ ر	
قند سیاہ	۳ ۰ ۰ ر	۰	۳ ۰ ۰ ر	۰	۴ ۰ ۰ ر	۴ ۰ ر	
باجرہ	۴ ۰ ۰ ر	۰	۰	۰	۰	۶ ۰ ر	

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور - نو ماہی من ابتدائے اکتوبر ۱۹۲۵ء لغایت آخر جون ۱۹۲۶ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد	مرد	عورت	عورت	میزان	تفصیل مذہب	تفصیل مذہب	تفصیل فوتی: یکسال تک	یکسال تک	یکسال سے ۵ سال تک	۵ سال تک	۱۰ سال سے زیادہ	۱۰ سال سے زیادہ	میزان	میزان	تفصیل مذہب	تفصیل مذہب	تفصیل امراض							میزان کل	کیفیت
کوتوالی	۱۹۹	۵۹	۷۵	۲۳	۲۲۵	۳۵۰	۸۵	۹۲	۸۴	۶	۵	۱۴۲	۱۲۵	۲۴۳	۲۲۲	۳۱۰	۱۰۶	۰	۲۹	۰	۲۳۹	۱		۱	۳۶۰	
گنج	۱۶۰	۳۵	۱۰۶	۱۹	۳۴۶	۲۹۶	۵۱	۸۱	۵۱	۱۳	۲۳	۱۲۲	۱۵۱	۲۱۶	۲۲۵	۳۴۳	۹۹	۰	۸	۰	۲۳۳	۰		۰	۳۴۲	
حوالی شہر	۹۳	۴۲	۹۳	۷۵	۲۶۶	۱۳۶	۱۳۰	۳۱	۳۰	۸	۵	۶۶	۴۱	۱۲۶	۸۶	۱۱۶	۹۵	۰	۰	۳۱۲	۰	۰	۰	۰	۳۱۲	
عظیم نگر	۱۸۹	۱۵۱	۱۳۶	۱۱۳	۵۸۳	۳۱۳	۲۷۰	۱۴۸	۱۰۵	۲۰	۱۵	۱۹۳	۱۲۳	۳۶۱	۲۹۳	۳۹۹	۲۲۸	۰	۵۰	۵۷۶	۰	۶	۰	۰	۹۲۳	
شاہ آباد	۱۲۲	۱۸۶	۹۶	۲۰۸	۶۱۲	۲۱۸	۲۹۳	۱۲۰	۸۹	۱۹	۳۰	۲۰۱	۱۳۹	۳۲۰	۲۵۸	۱۴۶	۲۵۱	۰	۴۴	۰	۲۵۶	۰	۲	۹۲	۵۹۸	
پٹوائی	۶۲	۲۶۸	۵۶	۱۹۳	۴۰۱	۱۲۹	۳۴۲	۶۵	۵۹	۱۱	۲	۹۳	۶۶	۱۰۰	۱۳۸	۹۸	۲۵۰	۰	۳۰	۰	۲۸۶	۲	۰	۰	۳۱۸	
ملک	۸۶	[illegible]	۵۶	۳۳۱	۱۱۳۵	۱۱۳۵	۱۰۰۰	۱۳۲	۱۳۳	۲۹	۲۱	۴۵۲	۱۶۳	۲۶۴	۳۲۶	۱۸۳	۴۳۶	۰	۸۳	۰	۶۱۶	۰	۰	۰	۸۰۰	
کیمری	۱۰۹	۲۱۱	۹۰	۱۵۶	۵۳۳	۱۹۹	۳۹۶	۵۳	۳۶	۹	۶	۱۳۹	۸۸	۱۹۸	۱۳۱	۱۲۵	۱۹۳	۱۲	۳	۰	۳۰۶	۵	۱	۰	۳۲۹	
سوار	۱۶۱	۱۱۵	۱۵۳	۹۲	۵۳۶	۳۲۵	۲۱۱	۹۰	۶۵	۲۲	۱۹۰	۲۰۸	۱۳۸	۳۳۰	۲۳۲	۲۲۲	۲۲۸	۱	۱۳	۰	۲۵۸	۰	۰	۰	۵۶۲	
ٹانڈہ	۱۸۱	۲۵	۱۴۲	۱۲۳	۵۹۱	۳۱۳	۲۲۸	۱۴۰	۱۷۱	۱۷	۱۶	۱۳۶	۱۱۹	۳۳۲	۲۹۵	۲۹۹	۲۲۸	۰	۱۷۵	۰	۲۵۰	۱	۰	۰	۹۲۶	
بلاسپور	۱۶۲	[illegible]	۱۳	[illegible]	۵۹۱	[illegible]	۲۹۰	[illegible]	۴۳	۲۶	۱۴	۲۲۶	۱۲۵	۳۳۵	۲۲۵	۳۲۰	۲۳۲	۰	۱۲	۵۳۱	۶	۰	۰	۰	۵۶۰	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۳۵۰	۱۶	۳	۱۰۳	۵۵۳۶